**12.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

..............................................................................

☆ وجے دشمی کا تہوار ملک بھر میں منایا جارہا ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی کے لال قلعہ میدان میں دسہرہ کی تقریبات میں شرکت کی۔

☆ ملک کے بنیادی ڈھانچے کے منظرنامے کو تبدیل کرنے والا PM گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کا تین سال مکمل ہوگیا ہے۔

☆ ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ چودھواں مہارتن مرکزی پبلک سیکٹر انٹرپرائز بن گیا ہے۔

☆ وزیر اعظم کے انٹرن شپ اسکیم کیلئے رجسٹریشن کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ موجودہ مالی سال کے دوران ایک لاکھ 25 ہزار انٹرن شپ کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔

☆ اور خواتین ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں نیوزی لینڈ نے شارجہ میں بنگلہ دیش کو آٹھ وکٹ سے ہرا دیا ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

## *Dussehra Overall*

آج ملک بھر میں وجے دشمی یا دسہرہ، مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار، راون پر بھگوان رام کی فتح کی یاد دلاتا ہے، جو بدی پر نیکی کی جیت کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی کے لال قلعہ میدان پر آج دسہرہ تقریبات میں شرکت کی اور لوگوں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے راون، اس کے بھائی کُمبھ کرن اور بیٹے میگھ نادھ کے پتلوں کو نذر آتش ہوتے ہوئے دیکھا، جس سے بدی پر نیکی کی فتح کا اظہار ہوتا ہے۔ لال قلعہ میدان پر شری دھارمک لیلا کمیٹی کی جانب سے منعقدہ دسہرے کے پروگرام میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ کرناٹک میں 10 روزہ میسورو دسہرہ فیسٹول، آج وجے دشمی کے دن عظیم الشان جمبو سواری یا ہاتھیوں کے جلوس کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ وزیر اعلیٰ سدا رمیّا نے ماں چامُنڈیشوری کو عقیدت کے پھول نذر کیے۔x

## UP Vijayadashami

وجے دشمی کے مبارک موقع پر آج اترپردیش کے شہر گورکھپور کے گورکھ ناتھ مندر میں Gorakshpeethadhiswar کی روایتی تلک اُتسو تقریب منعقد ہوئی۔
پیش ہے ایک رپورٹ..................

VC Naveen Saksena

اس موقع پر سنت و سادھوؤں نے تلک لگاکر گورکھ پیٹھا دیشور اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو اعزاز بخشا۔ ناتھ فرقے کی خصوصی روایت کے مطابق وہ اُن کے سامنے سرنگوں ہوئے۔ پیٹھا دیشور یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی اُنہیں تلک لگایا اور دعائیں دی۔ اس موقع پر انھوں نے مندر میں خصوصی پوجن کی۔ اس کے بعد عقیدتمندوں اور عوامی نمائندوں نے بھی اُن کے تئیں اپنی عقیدت کا اظہار کیا اور ان سے دعائیں لیں۔ یوگی آدتیہ ناتھ نے وہاں موجود سبھی عقیدتمندوں کو وجے دشمی کی مبارکباد دی۔ سادھوؤں اور عقیدتمندوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ ساتھ بہت سے عوامی نمائندوں نے بھی یوگی آدتیہ ناتھ سے دعائیں لی۔
سشیل چندر تیواری اور نوین سکسینہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Jamu Dussehra Celebration

مختلف دیگر ریاستوں سے بھی دسہرے کی تقریبات کی خبریں موصول ہوئی ہیں۔ آج جموں خطے میں بھی وجے دشمی یا دسہرہ، مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ تہوار، بدی پر نیکی کی فتح کی علامت ہے۔ اس دن نوراتر اور دُرگا پوجا کا بھی اختتام ہوتا ہے۔ جموں میں پریڈ گراؤنڈ میں اصل تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

اِس دوران شردِیانوراتری کے پوتر موقعے پر اِس سال چار لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے شری ماتا ویشنو دیوی مندر کے درشن کیے۔

نیپال میں وجے دشمی Tika دن پر کماری مندر اور ملک بھر میں دیگر مندروں میں عقیدت مندوں کے آنے کا سلسلہ جاری رہا۔ Dashain، نیپال میں سب سے بڑا تہوار ہے اور Tika تقریب، Bada Dashain تقریبات کے آخری دن ہوتی ہے۔

سری لنکا میں کولمبو میں درگا پوجا کی تقریبات منائی گئیں، جس میں وہاں آباد بھارتی برادری نے عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔ x

## PM Gati Shakti

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ پی ایم گتی شکتی کی بدولت اِس بات میں بڑے پیمانے پر تبدیلی آئی ہے کہ ملک میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق پروجیکٹوں کی کس طرح منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور اُنہیں کس طرح نافذ کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مختلف وزارتوں اور ریاستوں سے اعداد و شمار کو مربوط کرکے حکومت نے

زیادہ مؤثر، شفاف اور نتائج پر مبنی نظام تشکیل دیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ پی ایم گتی شکتی کے اثرات، پروجیکٹوں پر تیزی کے ساتھ عمل آوری، لاجسٹکس سے متعلق اخراجات میں کمی اور ملک کے ہر حصے میں بہتر خدمات کی صورت میں سامنے آرہے ہیں۔ کثیر رخی کنیکٹیوٹی کیلئے پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کے آج تین برس مکمل ہوگئے ہیں۔ x

### President Visit Three Nationa

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے 19 اکتوبر تک تین ملکوں الجزائر، موریطانیہ اور ملاوی کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ کا تین افریقی ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ یہ تاریخی دورہ G20 کی بھارت کی صدارت کے دوران افریقی یونین کو G20 کا مستقل رکن بنائے جانے کے ایک سال بعد ہو رہا ہے۔ ہفتے بھر کے اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ دو طرفہ میٹنگوں کے علاوہ بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ x

### Haryana Govt formation

ہریانہ کے کارگزار وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے کہا ہے کہ ریاست میں نئ حکومت کی حلف برداری کی تقریب 17 اکتوبر کو ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی، حلف برداری کی اس تقریب میں شرکت کریں گے اور BJP کی اعلیٰ قیادت بھی اِس میں شامل ہوگی۔ جناب نائب سنگھ سینی آج Ladwa میں صحافیوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ انہوں نے کیتھل میں کار حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے تئیں دلی تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ ریاستی حکومت، دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ ہے۔ x

### HAL Maharatna

سرکار نے ہندوستان ایروناٹیکس لمیٹڈ کو ترقی دے کر چودھویں مہارتن مرکزی پبلک سیکٹر انٹرپرائز CPSE بنانے کی منظوری دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں پبلک انٹرپرائز محکمے نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے ہندوستان ایروناٹیکس لمیٹڈ کو ترقی دے کر مہارتن CPSE بنانے کی منظوری دی ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ مالیاتی سکریٹری کی سربراہی والی بین وزارتی کمیٹی اور کابینہ سکریٹری کی قیادت والی APEX کمیٹی نے پہلے ہی اس تجویز کی سفارش کی تھی۔ ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ، دفاعی پروڈکشن کا ایک محکمہ ہے جس کا 28 ہزار 162 کروڑ روپئے کا سالانہ کاروبار اور 2023-24 میں 7 ہزار 500 کروڑ روپئے کا نیٹ منافع ہے۔x

### PM Internship Shceme

وزیر اعظم کی انٹرن شپ سے متعلق اسکیم کیلئے آج شام سے اندراج کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ آن لائن پورٹل pminternship.mca.gov.in پر یہ اندراج، اس مہینے کی 25 تاریخ تک کرایا جاسکتا ہے۔ اِس اسکیم کے تحت پورٹل پر اب تک 193 کمپنیوں کی جانب سے تقریباً 91 ہزار انٹرن شپ کے مواقع دستیاب کرائے گئے ہیں۔ حکومت نے سال 2024-25 کے مالی سال کے دوران ایک لاکھ 25 ہزار انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کا

ہدف رکھا ہے۔ اس پائلٹ پروجیکٹ پر مجموعی 800 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ حکومت کا مقصد 21 سال سے 24 سال کی عمر کے ایک کروڑ افراد کو پانچ سال کیلئے 12 مہینے کی انٹرن شپ فراہم کرنا ہے۔

انٹرن شپ کرنے والے ایک فرد کو 12 مہینے تک 5 ہزار روپے کی ماہانہ اقتصادی مدد اور ایک مرتبہ 6 ہزار روپے ملیں گے۔

ذرائع کے مطابق 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 737 اضلاع میں انٹرن شپ کے مواقع دستیاب ہیں۔ یہ مواقع تیل، گیس اور توانائی، سیاحت اور مہمان نوازی، آٹوموبائل، بینکنگ، اقتصادی خدمات سمیت 24 شعبوں میں موجود ہیں۔ x

## PM Condolence Haryana

وزیر اعظم نریندر مودی نے ہریانہ کے کیتھل میں سڑک حادثے میں مرنے والوں کے کنبے کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک ہی کنبے کی تین خواتین اور چار بچیاں اُس وقت ہلاک ہوگئیں جب اُن کی کار آج ہریانہ کے کیتھل ضلع میں ایک نہر گر گئی۔ ایک ہی کنبے کے آٹھ افراد سمیت 9 لوگ گاڑی میں سوار تھے۔ وزیر اعظم نے گجرات کے مہسانہ میں دیوار گرنے کے واقعے میں ہونے والی ہلاکتوں کے تئیں بھی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چھ مزدور ہلاک اور کئی دوسرے لوگ اُس وقت زخمی ہوگئے تھے جب ایک دیوار ایک پرائیویٹ تعمیراتی مقام پر گر گئی۔ جناب مودی نے وزیر اعظم کے قومی ریلیف فنڈ سے مرنے والوں کے قریبی رشتے داروں کیلئے دو-دو لاکھ روپئے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ زخمی ہونے والوں کو پچاس-پچاس ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔x

## Rajnath BRO Projectus

سرحدی بنیادی ڈھانچے کو بڑے پیمانے پر مستحکم کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج دو ہزار 236 کروڑ روپئے کے 75 پروجیکٹوں کا ورچوئل طریقے سے افتتاح کیا اور قوم کے نام وقف کیا۔ سرحدی سڑک تنظیم BRO نے اِن کی تعمیر کی ہے۔ یہ پروجیکٹ انڈومان و نکوبار جزائر سمیت گیارہ سرحدی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تعمیر کئے گئے ہیں۔ افتتاحی تقریب سے ورچوئل طریقے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ NDA سرکار کے اقتدار میں آنے کے بعد سے شمال مشرقی اور سرحدی ریاستوں کو ترقی کے اصل دھارے میں لایا گیا ہے۔x

## Malabar Exercise Vishkhapatnam

کثیر جہتی بحری مشق مالابار 2024 فی الحال وشاکھاپٹنم میں جاری ہے جس میں بھارت، آسٹریلیا، جاپان اور امریکہ کی بحریہ شرکت کر رہی ہیں۔ یہ مشق 9 اکتوبر کو شروع ہوئی تھی۔ مشرقی بحریہ کمانڈ نے اس کا انعقاد کیا ہے، جس کا مقصد بحری تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔ مشق کی اہم کارروائیوں میں بھارت-بحرالکاہل خطے میں آپسی کارروائی کو بڑھانے پر مرکوز بحریہ کے لیڈروں کے درمیان اعلیٰ سطح کی میٹنگیں اور مستقبل کی مشقوں پر تبادلۂ خیال شامل ہے۔ یہ تال میل بحری سکیورٹی کو بہتر کرنے کیلئے اہم ہے۔x

## WB Doctors

مغربی بنگال میں اپنے دس نکات پر مشتمل مطالبات کے ساتھ بھوک ہڑتال کر رہے جونیئر ڈاکٹروں کے ساتھ حمایت اور یکجہتی کا اظہار کرنے کے لئے سینئر ڈاکٹر، پیر کی صبح 6 بجے سے 48 گھنٹے تک کام نہیں کریں گے۔ مغربی بنگال کے ڈاکٹروں کے مشترکہ پلیٹ فارم کی جانب سے ڈاکٹر Swarodyot مکھرجی نے اس بارے میں اطلاع دی۔ البتہ ہنگامی خدمات کو اِس سے مستثنٰی رکھا گیا ہے۔ x

## CAQM Stubble Burning

ہوا کے معیار کے انتظام وانصرام سے متعلق کمیشن نے ریاستی سرکاروں اور ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ فصل کی کٹائی کے موسم کے دوران پرالی جلانے کے خلاف نگرانی تیز کردیں۔ کمیشن نے پنجاب اور ہریانہ کے اہم اضلاع کیلئے 26 مرکزی ٹیموں کی تعیناتی کی ہے تاکہ وہ چنڈی گڑھ میں پرالی کے انتظام وانصرام سے متعلق ایک سیل قائم کرے اور زمینی سطح کی کارروائیوں پر لگاتار نظر رکھے۔ البتہ اِس سال 15 ستمبر سے 9 اکتوبر کے درمیان پنجاب سے پرالی جلانے کے 267 جبکہ چنڈی گڑھ سے 187 واقعے کی خبریں ملی ہیں۔x

## India Bangladesh

بھارت نے بنگلہ دیش کی سرکار سے کہا ہے کہ وہ تمام اقلیتوں اور اُن کی عبادتگاہوں کے تحفظ اور سکیورٹی کو خاص طور پر تہواروں کے وقت یقینی بنائے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں ڈھاکہ کے تانتی بازار میں ایک پوجا منڈپ پر حملے اور Satkhira میں مقدس جیشوریشوری کالی مندر میں چوری پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔x

## Unicef Indian Suppliers

بچوں سے متعلق اقوام متحدہ فنڈ نے کہا ہے کہ بھارتی سپلائرس، تنظیم کو عالمی سطح پر بچوں کو صحت اور خوراک فراہم کرنے والے تیسرے سب سے بڑے سپلائرس ہیں۔ بھارتی کاروباری یونیسیف کو تقریباً چھ بلین ڈالر کی اشیا اور خدمات سپلائی کرتے ہیں۔ یونیسیف کے سپلائی ڈویژن کی ڈائریکٹر Leila Pakkala جو بھارت کے اپنے پہلے سرکاری دورے پر تھیں، کہا ہے کہ بچوں کیلئے زندگی بخش اشیا اور خدمات کے بھارتی سپلائرس عالمی سطح پر بچوں کیلئے یونیسیف کے کام کاج میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔x

## IMD Rainfall Warning

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ 5 سے 6 روز کے دوران جنوبی اندرونی کرناٹک، کیرالہ، ماہے اور تمل ناڈو میں شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس نے آئندہ دو روز کے دوران انڈمان و نکوبار جزائر، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور اور تریپورہ میں بھی ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔
موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ آئندہ دو دن کے دوران گجرات، مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، بہار، مغربی بنگال،

سکّم کے بقیہ حصوں اور مہاراشٹر، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے کچھ اور حصوں سے جنوب مغربی مانسون کے اثرات ختم ہونے کیلئے صورتحال سازگار ہے۔ x

## US Iran Sanctions

امریکہ نے ایران کی توانائی تجارت کو نشانہ بناکر پابندیوں کا اعلان کیا ہے۔ یہ قدم اسرائیل کے خلاف ایران کے میزائل حملوں کے تناظر میں اٹھایا گیا ہے۔ امریکی ٹریزری اور اسٹیٹ محکمے نے کُل پابندیوں کا اعلان کیا۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے کہا ہے کہ امریکہ، ایران کی اُس آمدنی کو روکنے کیلئے اقدامات کر رہا ہے جو وہ اپنی نیوکلیائی پروگرام کو فنڈ کرنے کیلئے استعمال کرتا ہے۔x

## Cricket Womens T20 WC

کرکٹ میں آج شارجہ میں خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں گروپ اے کے ایک مقابلے مین نیوزی لینڈ نے سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرا دیا۔ نیوزی لینڈ نے 116 رن کا جیت کا نشانہ 17 اعشاریہ تین اوورز میں حاصل کرلیا۔ نیوزی لینڈ کیلئے Georgia Plimmer نے 44 گیندوں میں 53 رن اور Amelia Kerr نے 31 گیندوں میں 34 رن بنائے۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے سری لنکا نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر 115 رن بنائے تھے۔ x

## Men Cricket

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت نے تیسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بنگلہ دیش کے سامنے جیت کیلئے 298 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

Sanju Samson نے 47 گیندوں میں 111 رن بنائے۔ یہ چوتھی سب سے تیز سنچری ہے۔

اس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆